© rasailojaraid.com



## انما الاعمال بالنیات

یعنی اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔ ذاتی عمل فقط نیت کے سبب اتباع نبوی ﷺ کے زمرہ میں شامل ہوجاتا ہے۔

نبی کی زندگی میں لوگوں پر دوقسم کی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، ایک نبی کی ذات کی حفاظت، دوسرے اس کی تعلیمات کی حفاظت۔ تعلیمات کی حفاظت دراصل اس کی سنت وطریقہ کی پیروی ہے، جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

## لقد کان لکم فی رسول اللہ أسوة حسنة

یعنی رسول اللہ ﷺ کی سیرت وسنت تمہارے لئے بہترین نمونہ ہے، جب نبی دنیا سے رخصت ہوجاتا ہے تو اس کی سنت کی حفاظت و پیروی کی ذمہ داری پیروکاروں پر لازم رہتی ہے۔

انبیاء وصلحاء کی وفات پر ان کی ذات سے محبت یقیناً موجب سعادت و برکت ہے، لیکن جب تک ان کی سنت کی پیروی نہ کی جائے، صرف دعوائے محبت کافی نہیں۔ یقیناً محبت ضابطوں کی پابند نہیں، لیکن ذوق محبت اور شوق محبت کے تحت غذاؤں کا انتخاب کیا جائے تو یہ یقیناً سعادت مندی ہے اور اجر وثواب کا موجب ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| کتاب | : | اسلامی ذبیحہ |
| مصنف | : | مفتی اقبال حسین صابری |
| مطبع / ناشر | : | جامع مسجد نمرہ قادریہ کالونی پیرودھائی موڑ، راولپنڈی کینٹ، |
| | | ملنے کا پتہ کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی |
| قیمت وصفحات | : | ۴۰ صفحات، قیمت ۲۱/ روپے |

مفتی صاحب نے اس مختصر کتابچہ میں خشکی وتری کے حلال وحرام جانوروں کی حلت و حرمت سے بحث کی ہے اسی طرح پالتو اور جنگلی جانوروں کا حکم بیان کیا ہے۔ اس کے علاوہ ذبح

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا مفہوم اس کا طریقہ، آلہ ذبح اور اہل کتاب کے ذبیحہ سے بحث کی گئی ہے۔

کتاب : مریض کی نماز اور طہارت کے احکام

مصنف : مفتی اقبال حسین صابری

ناشر : جامع مسجد نمرہ قادریہ کالونی پیرودھائی موڑ، راولپنڈی کینٹ،

صفحات : ۳۸ صفحات

اس کتابچہ میں مریضوں اور معذوروں کے فقہی احکامات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ مختصر کتابچہ ہے اس پر تفصیلی کام کی سخت ضرورت ہے۔

کتاب : ماہنامہ رشد لاہور قراءات نمبر جلد سوم

مصنف : چیف ایڈیٹر حافظ عبدالرحمن مدنی

ناشر : کلیۃ القرآن الکریم والعلوم الاسلامیہ

قیمت وصفحات : ۱۰۴۰ صفحات، ۴۰۰ روپے

قارئین مجلہ نے پچھلے دو شماروں ش/۱۰ اور ش/۱۱ میں ماہنامہ رشد کی ج/۱ اور ج/۲ قراءات نمبر پر تبصرے ملاحظہ کیے تھے، یہاں جلسہ سوم کا تعارف کروایا جا رہا ہے عالمی سطح پر اتنا ضخیم کام آج تک نہیں ہوا ہے، اس لئے اس کوشش و کاوش کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس شمارہ میں بھی حجیت قرأت پر چھ مضامین قراءات کے حوالہ سے ہیں، علماء کے فتاویٰ، بریلوی مکتبہ فکر کے قراء کی خدمات، پانی پت کے قراء کی خدمات، حدیث سبعة أحرف کا مفہوم، اعجاز قرآنی کے متنوع پہلو، علم قرأت پر تحقیق وتنقید اور انکار قرأت، قراء کے حالات و دیگر متنوع مضامین شامل ہیں اس عظیم خدمت پر ڈاکٹر حمزہ مدنی اور جملہ احباب مبارک باد کے مستحق ہیں۔

کتاب : حب رسول اور صحابہ کرامؓ (مظاہر محبت)

مصنف : حافظ محمد سعد اللہ

© rasailojaraid.com